© rasailojaraid.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# نظرات

ہمیں یقین ہے کہ اردو زبان کی طباعت کی ترقی کے لئے ٹائپ اختیار کرنا ضروری ہے۔ اسی خیال کے پیشِ نظر ہم یہ ماہنامہ اب تک ٹائپ میں چھاپتے رہے تھے۔ لیکن ہمیں افسوس کے ساتھ اعلان کرنا پڑ رہا ہے کہ ہم اپنے اس تجربے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ ہمیں سب سے زیادہ دشواری قرآنِ حکیم کی آیات، اور عربی زبان کے دوسرے اقتباسات کی طباعت کے سلسلے میں پیش آئی۔ ہمارے نزدیک تحقیق کی احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ کوئی دعویٰ بلا سند نہ ہو، اور تمام حوالوں کے اصل متن نقل کئے جائیں، صرف اُن کے ترجموں پر اکتفا نہ کیا جائے۔ اسی لئے ہمارے ماہنامہ میں شائع ہونے والے مقالوں میں آیاتِ قرآنی، احادیثِ نبوی، آثارِ صحابہ، اقوالِ ائمہ اور دوسرے عربی حوالوں کی کثرت ہوتی ہے۔ مگر ٹائپ میں ان کی طباعت کا خاطر خواہ انتظام کراچی میں نہیں ہے۔ ٹائپ میں اعراب اور قرآنی رموزِ اوقاف کا استعمال اور عربی عبارتوں کا اردو سے امتیاز قائم رکھنا اس شہر کے چھاپہ خانوں کے بس کی بات نہیں۔ اس لئے ہمیں مجبوراً کتابت کے پرانے طریقے کی طرف لوٹنا پڑ رہا ہے۔

ٹائپ کی جگہ کتابت کے اختیار کرنے میں ایک بڑا فائدہ یہ پہنچا ہے کہ ہم مضامین کے تنوع اور تعداد میں گراں قدر اضافہ کر سکیں [illegible] اسلام کے مسائلِ حاضرہ پر زیادہ سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

زیادہ معلومات اپنے قارئینِ کرام تک پہنچائیں اور ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی کے تعمیری مقاصد اور تحقیقی طریقۂ کار کے دائرے میں رہتے ہوئے، مضامین کے تنوع کا پورا پورا خیال رکھیں۔ کتابت کی طباعت اختیار کرنے کے بعد ہمیں اپنی اس کوشش میں کامیابی کی زیادہ امید ہے۔ کیونکہ یہ طریقۂ طباعت ٹائپ کی نسبت تقریباً نصف جگہ لیتا ہے۔

---

پچھلے شمارے میں ہم نے "افکار" کے مستقل فیچر کا اضافہ کیا تھا۔ حالیہ شمارے میں اس عنوان کے تحت ہم مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کا ایک انٹرویو معاصر عزیز "الشا" (عالمی ڈائجسٹ) کے شکریہ کے ساتھ نقل کر رہے ہیں۔ اور جناب رفیع اللہ خاں صاحب کا ربوا اور مضاربت کے باہمی تعلق پر فکر انگیز مراسلہ شائع کر رہے ہیں۔ ان دونوں مضامین کی کتابت مکمل ہو چکی تھی کہ رسالہ "بینات" کا تازہ شمارہ وصول ہوا جس میں "فضل الرحمانی تحقیق ربوا کی حقیقت" کے عنوان سے ایک طویل مضمون نظر سے گزرا۔ چونکہ رسالے کی اشاعت میں طباعت کے انتظامات کی تبدیلی کی وجہ سے پہلے ہی بہت تاخیر ہو چکی ہے۔ اس لئے اس مضمون کی اشاعت اور اس پر تبصرہ ہم اگلے شمارے کے لئے ملتوی کرنے پر مجبور ہیں۔

---

مرکزی ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی کی خوش بختی ہے کہ مشرق و مغرب کے ماہرینِ علومِ اسلامی اس ادارے کو اپنی تشریف آوری سے نوازتے رہتے ہیں۔ مختلف زاویۂ فکر کے ان علماء سے تبادلۂ خیالات ایک بڑی نعمت ہے۔ ہم نے سوچا کہ اپنے قارئینِ کرام کو بھی اس ضیافتِ علمی میں شریک کر لیں۔ اس لئے ہم حالیہ شمارے سے ایک نئے مستقل باب کا افتتاح کر رہے ہیں جس کا عنوان ہم نے "اخبار تجزیہ" کیا ہے۔ اس کے تحت ادارے کی اہم خبریں ہم آپ کی خدمت میں پیش کرتے رہیں گے۔

---

ایک اور نیا مستقل فیچر "انتخاب" کے عنوان سے شروع کیا جا رہا ہے۔ اس کا آغاز کرنل خواجہ عبدالرشید صاحب کے بصیرت افروز مضمون سے ہو رہا ہے۔ کرنل صاحب مشہور مقولہ العلمُ علمان علمُ الادیان وعلمُ الابدان ("علم تو بس دو ہیں: دینی اور طبی علم") کی مجسم

© rasailojaraid.com